پانچ وسطی ایشیائی ممالک کے نوجوانوں کے وفد کا بھارت کا تیسرا دورہ (21 تا 28 مارچ 2025)

01 اپریل، 2025

پانچ وسطی ایشیائی ممالک (قزاکستان، کرگستان، تاجکستان، ترکمانستان اور ازبکستان) سے تعلق رکھنے والے مختلف شعبوں کے کامیاب نوجوانوں، بشمول کاروباری شخصیات، ماہرین تعلیم، فنکار، کھلاڑی اور انفلوئنسرز پر مشتمل 100 رکنی وفد نے 21 تا 28 مارچ 2025 کو بھارت کا دورہ کیا۔ یہ دورہ جنوری 2022 میں منعقدہ پہلے بھارت-وسطی ایشیا سربراہی اجلاس کے تحت بھارت کے پہل کا حصہ تھا۔

2. نوجوانوں پر مشتمل وفد کا یہ بھارت کا تیسرا دورہ تھا. اس سال کی توجہ کا مرکز ریاست گوا تھا. وفد نے عزت مآب گورنر، وزیر اعلیٰ اور ریاستی وزرا سے ملاقات کی؛ اس کے علاوہ انہوں نے گوا چیمبر آف کامرس اور انسٹی ٹیوٹ آف منیجمنٹ کا بھی دورہ کیا. وفد نے آئی آئی ٹی دہلی کا بھی دورہ کیا اور ڈائریکٹر سے ملاقات کی. ان کے سفری پروگرام میں تاج محل کا دورہ بھی تھا.

3. وفد نے عزت مآب وزیر خارجہ، ڈاکٹر ایس جئے شنکر، اور مملکتی وزیر خارجہ کرتی وردھن سنگھ سے ملاقات کی، جنہوں نے بھارت اور وسطی ایشیا کے درمیان تاریخی اور ثقافتی تعلقات کی اہمیت پر زور دیا اور نوجوانوں کو باہمی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے میں فعال کردار ادا کرنے کی تحریک دی. وفد نے وزیر برائے کھیل و نوجوان امور ڈاکٹر منسکھ مانڈویا سے بھی ملاقات کی اور اپنے تجربات شیئر کیے.

4. اس دورے سے نوجوانوں کے وفد کو بھارت میں تعلیم کی ترقی، اسکی تکنیکی مہارت اور تحقیقی صلاحیتوں، بنیادی ڈھانچے کی ترقی کا براہِ راست تجربہ فراہم ہوا، ساتھ ہی انہیں بھارت کی شاندار تاریخ اور بھرپور ثقافتی ورثے کو قریب سے دیکھنے کا موقع ملا.

5. بھارت اور وسطی ایشیا کے درمیان تعلقات گہرے اور تاریخی رہے ہیں، جو لوگوں اور خیالات کے مسلسل تبادلے سے مزین ہیں. بھارت-وسطی ایشیائی نوجوانوں کے تبادلے کا اقدام بھارت کی ان کاوشوں کا حصہ ہے جو ہزاروں سال پرانے عوامی روابط اور ثقافتی تبادلے کو مزید مستحکم کرنے کے لیے کی جا رہی ہیں۔ یہ تعلقات وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ بھارت کی باہمی سودمند اور کثیر الجہتی شراکت داری کا بنیادی حصہ ہیں.

نئی دہلی

01 اپریل، 2025